نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں موسمیاتی تبدیلیوں کے باوجود امسال گندم کے پیداواری ہدف 2 کروڑ 20 لاکھ میٹرک ٹن کے حصول کیلئے پرعزم ہیں۔ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر محمد انجم علی

لاہور 10 نومبر 2022:( ) امسال صوبہ پنجاب کیلئے گندم کی 2 کروڑ 20 لاکھ میٹرک ٹن پیداوار کے حصول کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں جس سے ملکی فوڈ سیکیورٹی یقینی بنائی جا سکے گی۔صوبہ پنجاب میں گندم کی اوسط پیداوار 31 من سے بڑھا کر 40 من فی ایکڑ تک لیجانے کیلئے کاشتکار گندم کی کاشت 20 نومبر تک زیادہ سے زیادہ رقبہ پر مکمل کریں ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع واڈپٹیو ریسرچ)، پنجاب نے محکمہ زراعت پنجاب اورنجی کھاد کمپنی کے باہمی تعاون سے کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے زیادہ گندم اگاؤ مہم کے سلسلہ میں ضلع فیصل آباد میں منعقدہ کسان کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے مزید کہا کہ گندم کو منافع بخش بنانے کیلئے بوائی سے قبل ہی اس کی امدادی قیمت بڑھا کر 0 300 روپے فی من سے زائد مقرر کر دی ہے تا کہ کاشتکار گندم کو ایک منافع بخش فصل کے طور پر زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کریں۔انہوں نے کاشتکاروں پر زور دیا کہ فیصل آباد ڈویژن میں گندم کی زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت ایک قومی فریضہ کے طور پر کریں۔ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع نے کہا کہ شعبہ زرعی توسیع کے کارکنان زرعی یونیورسٹیوں کے طلباء وطالبات کی معاونت سے فیلڈ میں ہر ممکن طریقہ سے کاشتکاروں کی مدد اور رہنمائی کر رہے ہیں۔زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈین فیکلٹی آف ایگری کلچر وسائنسز، ڈاکٹر محمد یسین نے اپنے خطاب میں کہا کہ کسانوں میں تحریک اور ترغیب کے ذریعے زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کی بروقت کاشت کو یقینی بنایا گیا ہے تا کہ گندم کی اضافی پیداوار سے ملک میں فوڈ سیکیورٹی کی صورتحال کو اطمینان بخش بنایا جاسکے۔ڈائریکٹر زراعت (توسیع)، فیصل آباد ڈویژن، چوہدری عبدالحمید نے کہا کہ گندم کے کاشتکاروں کو منظور شدہ اقسام کے بیج، جڑی بوٹی مارزہروں اور جدید مشینری پر سبسڈی فراہم کی جارہی ہے تا کہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کر کے ملکی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔اس موقع پر ڈائریکٹر زرعی تحقیقاتی ادارہ گندم، فیصل آباد، ڈاکٹر جاوید احمد نے کاشتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے حکومت پنجاب نے گندم کی 15 نئی اقسام کے 90 لاکھ تھیلوں کی کاشتکاروں تک فراہمی کو یقینی بنایا ہے۔کاشتکاروں کی فی ایکڑ پیداواری لاگت میں کمی کیلئے 1200 روپے فی تھیلا خصوصی سبسڈی فراہم کی گئی ہے۔انہوں نے کاشتکاروں پر زور دیا کہ وہ فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری کردہ نیلے رنگ کے ٹیگ والے بیج کے تھیلے خرید کر کاشت کریں۔اس موقع پر نجی کمپنی کے زرعی ماہر، ڈاکٹر سعید اقبال نے گندم کی فصل میں کھادوں کے متوازن استعمال پر تفصیلی روشنی ڈالی اور کاشتکاروں کو سفارش کی کہ وہ گندم کی فصل میں فاسفورسی اور نائٹروجنی کھادوں کے توازن کا خاص خیال رکھیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ امسال گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کو منظور شدہ اقسام کا بیج، جڑی بوٹی مارزہریں اور جدید زرعی مشینری کی دستیابی پر سبسڈی پر فراہم کی جارہی ہے تا کہ گندم کے پیداواری ہدف کو یقینی بنایا جا سکے۔کسان کنونشن میں محکمہ زراعت پنجاب کے افسران اور کسانوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆